DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

DGPR BALOCHISTAN

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 579

DATED. 06-07-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.07.2026

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اصلاحات جاری رہیں گی، گورنر | 01 |
| سینچری ودیگراخبارات | شدت پسند عناصر ریاستی رٹ چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے، سرفراز بگٹی | 02 |
| جنگ ودیگراخبارات | عوامی مفادات عزیز کسانوں کو پانی کی فراہمی کیلئے متحرک ہیں، فیصل جمالی | 03 |
| مشرق ودیگراخبارات | شہداء کی عظیم قربانیوں کی بدولت ہی پاکستان کا سر خودمختاری کے ساتھ بلند ہے، نورمحمد دمڑ | 04 |
| مشرق ودیگراخبارات | وطن کی حفاظت ہر پاکستانی کا اولین فرض ہے، میر سلیم کھوسہ | 05 |
| مشرق ودیگراخبارات | میر صادق عمرانی کی کاوشیں پٹ فیڈر کینال میں پانی کا اضافہ | 06 |
| جنگ ودیگراخبارات | عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، لیاقت لہڑی | 07 |
| جنگ ودیگراخبارات | گوادر میں پولیس اور اداروں کی بروقت مشترکہ کارروائی قابل تحسین ہے، بابر یوسفزئی | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | حکومت آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ور صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، شاہد رند | 09 |
| مشرق ودیگراخبارات | چیئرمین BRA کی زیر صدارت اجلاس مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی غور | 10 |
| مشرق ودیگراخبارات | ٹیکس دہندگان اور وکلاء کو سہولیات کی فراہمی FBR کی ترجیح ہے، چیف کمشنر انکم ٹیکس | 11 |
| مشرق ودیگراخبارات | کسان تحریک کا بلوچستان کے مسائل پر آل پارٹیز کا خیر مقدم | 12 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان میڈیا پالیسی پر سی پی این ای کے شدید خدشات نظر ثانی کا مطالبہ | 14 |
| جنگ ودیگراخبارات | طاقت کا استعمال مسائل کا حل نہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن | 15 |
| جنگ ودیگراخبارات | مذاکرات کے نام پر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکا گیا، پشتونخوا میپ | 16 |
| مشرق ودیگراخبارات | حکمران جنگی حالات سے مالی طور پر مستفید ہو رہے ہیں، سردار اختر مینگل | 17 |
| مشرق ودیگراخبارات | بلوچستان گھمبیر سے دوچار حکمرانوں کو کوئی فکر نہیں، نیشنل پارٹی | 18 |

## امن وامان:

کوئٹہ ہنہ اوڑک کے قبال اور TTP میں فائرنگ 3 افراد جاں بحق، متعدد زخمی، گوادر موبائل پولیس کے اہلکاروں سے ہتھیار چھیننے کی کوشش دو ملزمان گرفتار، مستونگ ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر دہشتگردوں کا حملہ، بلیدہ مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، یارو زیر تعمیر سڑک پر دھماکہ گریڈر کو نقصان ڈرائیور محفوظ رہا۔

## مسائل:

آٹا مزید مہنگا کوئٹہ اور خضدار میں 20 کلو تھیلے کی قیمت 2800 روپے ہوگئی، چمن طویل لوڈشیڈنگ، عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.07.2026

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ "**بلوچستان میں سڑک حادثات**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ رقبے کے لحاظ سے ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں جہاں دیگر بے شمار مسائل ہیں وہاں سڑکوں کی خستہ حالی اور تنگ ہونے کے باعث آئے روز ٹریفک کے المناک حادثات ہوتے رہتے ہیں کوئی دن ایسا نہیں جاتا کہ جب کہیں نہ کہیں کوئی حادثہ نہ ہوتا ہو۔ صرف ٹریفک حادثات ہی نہیں بلکہ سیاحت کے لیے جانے والے افراد بھی اپنی غلطی یا ڈرائیور کی غلطی کی وجہ سے جاں بحق ہوجاتے ہیں۔ یہ سلسلہ برسوں سے جاری ہے لیکن ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے جن ضروری اقدامات اور قوانین کی ضرورت ہوتی ہے، وہ آج تک واضح نہیں ہوسکے۔ اگر واضح ہوتے ہیں تو ان پر موثر انداز میں عملدرآمد نہیں ہوسکا۔ بڑے شہروں کے اندر سب سے زیادہ حادثات کا شکار موٹر سائیکل سوار ہوتے ہیں۔ موٹر سائیکل کی سواری زندگی کا رسک بن چکی ہے۔ اس کے ساتھ کم عمر موٹر سائیکل سوار ایک الگ داستان ہیں۔ کم عمر موٹر سائیکل سوار نہ صرف خود حادثات کا شکار ہوتے ہیں بلکہ اپنے ساتھ دیگر لوگوں کو بھی حادثے میں لپیٹ لیتے ہیں۔ ملک کے نوے فیصد موٹر سائیکل سواروں کے پاس ٹریفک لائسنس نہیں ہوتا۔ اگر کسی کے پاس ٹریفک لائسنس ہے بھی تو ٹریفک قوانین کا کوئی علم نہیں ہوتا، اگر بین الصوبائی شاہراہوں کا ذکر کیا جائے تو وہاں بھی آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ کہیں کوئی زرا کسی مسافر بس سے گر جاتا ہے تو کہیں کوئی مسافر بس پہاڑی علاقوں میں غلط ڈرائیونگ کے باعث حادثے کا شکار ہوجاتی ہے۔ اگلے روز بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی سرحدی علاقے دانہ سر کے مقام پر بس گہری کھائی میں گر گئی جس کے نتیجے میں خواتین و بچوں سمیت 40 مسافر جاں بحق اور 8 زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ انتہائی افسوسناک ہے کیونکہ اس میں 40 مسافر جاں بحق ہوئے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ اب یہ حادثہ کیوں ہوا؟ اس بارے میں فی الحال کچھ نہیں کہا جاسکتا البتہ میڈیا میں اس حوالے سے بہت سی باتیں سامنے آئی ہیں۔ مقامی پولیس کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والی مسافر بس کوئٹہ سے پشاور جارہی تھی، بریک فیل ہونے کے باعث حادثہ پیش آیا۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاونِ خاص نے میڈیا نے بتایا ہے کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بس میں زیادہ مسافر سوار تھے۔ حادثے کا شکار ہونے والی بس میں پیچھے خراب ہوئی بس کے مسافر بھی سوار تھے۔ ان سے بھی کہیں نہ کہیں کوئی غلطی یا کوتاہی ہوئی ہے۔ اگر گاڑی کے بریک فیل ہوئے ہیں تو یہ بھی غفلت ہی ہے کیونکہ لمبی روٹ پر جانے والی بس، روانگی سے پہلے پوری طرح چیک کی جاتی ہیں۔ ان کی بریکس اور دیگر میکینیکل معاملات کو دیکھا جاتا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت کا سرکاری اور نجی اسکولوں میں طلباء کو جسمانی سزا دینے پر پابندی کا فیصلہ، دوستانہ ماحول میں بچوں کی بہترین تربیت ممکن ہے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "YDAs Strike" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**ایف سی ہسپتال تربت خدمت انسانیت کی درخشاں مثال**" کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 06 JUL 202[illegible] Page No. 1

# معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اصلاحات جاری رہیں گی، گورنر

تمام متعلقہ افسران صحت مراکز کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات میں مزید بہتری لانے کیلئے اقدامات کریں

محکمہ صحت مسلسل اصلاحات، شفافیت اور موثر نگرانی کے ذریعے صحت کی سہولیات کو مزید بہتر اور معیاری بنا رہا ہے، کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) تیسری بلوچستان ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس کے دوسرے روز کا اجلاس صوبائی وزیر صحت...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بخت محمد کاکڑ کی سربراہی میں ہوا، جس میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل، ایڈیشنل سیکرٹری ہاتف کاکڑ، یونیسف بلوچستان کی چیف آف آفس اور محکمہ صحت کے دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔ کانفرنس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس اور پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں قلات اور ژوب ڈویژن کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اضلاع اور ہسپتالوں کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا، متعلقہ افسران کی بہترین کوششیں، بہتر کارکردگی دکھانے والے اضلاع اور اداروں کو سراہا، جبکہ کمزور کارکردگی پر متعلقہ افسران کو واضح ہدایات جاری کیں کہ صحت مراکز کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات میں مزید بہتری لائی جائے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے محکمہ صحت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے یہ اصلاحاتی عمل اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph.081-2822909

جلد نمبر 32 | پیر 06 جولائی 2026ء بمطابق 20 محرم الحرام 1448ھ | شمارہ نمبر 182

# ...ی اولین ترجیح، ہر ضلع کیلئے الگ ترقیاتی منصوبے بنارہے ہیں

میر سرفراز بگٹی

...ز میں نوجوانوں کو تشدد پر اکسانے اور ریاست مخالف بیانیہ پروان چڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں، باصلاحیت فورسز کی موجودگی میں وہ ریاستی رٹ چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے، وزیراعلیٰ

...ع فراہم کرنا ہی دیرپا امن کی ضمانت ہے، ایکس پر منعقدہ اوپن اسپیس کے دوران مختلف طبقہ فکر سے اظہار خیال، سخت اور تنقیدی سوالات کے بھی حقائق اور شواہد کی بنیاد پر تفصیلی جوابات دیے

...ز میں نوجوانوں کو تشدد پر اکسانے اور ریاست ... بیانیہ پروان چڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم ایسے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پاکستان کی انٹیلی جنس ادارے، منظم اور باصلاحیت مسلح افواج، سی ٹی ڈی، فرنٹیئر کور، پولیس اور لیویز کی موجودگی میں چند پرتشدد عناصر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر

منعقدہ اوپن ایکس اسپیس کے دوران مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

والے افراد، نوجوانوں، ... ، ... کے نمائندوں، ماہرین اور سول سوسائٹی کے اراکین کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا۔ اوپن اسپیس میں ایک موقع پر شرکاء کی تعداد سات ہزار سے تجاوز کر گئی جہاں وزیراعلیٰ نے سخت اور تنقیدی سوالات کے بھی حقائق، اعداد و شمار اور شواہد کی بنیاد پر تفصیلی جوابات دیے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے نوجوان ہیں اور اسی مقصد کے لیے ... حکومت کا سب سے اہم پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت حکومت کے پاس نوجوانوں کی قومی دھارے میں شمولیت، انہیں مثبت مواقع فراہم کرنے اور روشن مستقبل کی جانب گامزن کرنے کے لیے اس سے ... مختلف منصوبے زیر عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو ... بندوق اور منشیات کے بجائے تعلیم، ہنر، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہی دیرپا امن کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ضلع کی ضروریات اور سماجی اعداد و شمار کو مدنظر رکھتے ہوئے الگ الگ ترقیاتی منصوبے تیار کر رہی ہے جس میں ... کے نوجوانوں کے لیے ... اور مستقل معیشت سے متعلق خصوصی مواقع بھی شامل ہیں، جبکہ دیگر اضلاع کے لیے بھی ان کی مقامی ضروریات کے مطابق منصوبے ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ ان منصوبوں کو ... کمیٹی میں منظوری کے بعد مرحلہ وار نافذ کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بعض گروہوں نے ماضی میں عوامی حقوق کے نام پر نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور انہیں تشدد کی راہ پر ڈالنے کی کوشش کی۔ ایسے عناصر مختلف علاقوں میں جا کر نوجوانوں کو ریاست کے خلاف اکسانے اور پرتشدد کارروائیوں کے لیے بھرتی کرنے کی کوشش کرتے رہے، تاہم حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم، ہنر اور روزگار کے ذریعے قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ ... اصلاحات متعارف کیں، گزشتہ مالی سال کے دوران غیر ترقیاتی اخراجات میں ... ارب روپے کی کمی کی، جبکہ صوبے میں ... پالیسی بھی متعارف کرائی جا رہی ہے تاکہ ... ماحول دوست اور ... کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مالی نظم و ضبط قائم کرتے ہوئے زکوٰۃ کی تقسیم کے پرانے نظام میں بنیادی اصلاحات کیں۔ ماضی میں ساٹھ کروڑ روپے کی زکوٰۃ تقسیم کرنے کے لیے ایک ارب تیس کروڑ روپے انتظامی اخراجات پر

صرف کیے جاتے تھے تاہم حکومت نے زکوٰۃ کا ... ختم کرکے ... بلوچستان ایجوکیشن اینڈوومنٹ فنڈ میں منتقل کیے جہاں سے اب مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے چار ارب روپے کا ایک بڑا منصوبہ شروع کیا ہے جس کے تحت بلوچستان کے ہر ضلع، ہر گاؤں، ہر دیہات، تمام سرکاری اسکولوں، کالجوں، جامعات اور صحت کے مراکز کو ... کی سہولت فراہم کی جائے گی تاکہ دور دراز کے نوجوان دنیا سے ہم آہنگ ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اسکلنگ کی ... کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں تاکہ صوبے کی ... کو فروغ ملے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت نوجوانوں سے مسلسل رابطے ... کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ہم یونیورسٹیوں اور کالجوں میں جا کر نوجوانوں سے براہ راست گفتگو کر رہے ہیں، ان کے سخت ترین سوالات بھی تحمل اور دلیل کے ساتھ سنے اور جواب دیے جاتے ہیں۔ صوبے میں مختلف اسکالرشپ پروگرام متعارف کرائے جا رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع میسر آ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی طالبات کے لیے دنیا کی ممتاز جامعات، بشمول ہارورڈ اور آکسفورڈ، میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں۔ صوبے میں خواتین کی تعلیم اور بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بالخصوص نوجوان پاکستان کے روشن مستقبل کا سرمایہ ہیں اور حکومت انہیں بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے ... ہے۔ ... ماہرین نے اوپن ایکس اسپیس کو بلوچستان سے متعلق اہم حقائق عوام کے سامنے لانے کی ایک موثر کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شواہد، اعداد و شمار اور دلیل کے ساتھ بلوچستان کے حوالے سے گمراہ کن بیانیے کا موثر جواب دیا۔ ماہرین کے مطابق ہزاروں نوجوانوں کی اس مکالمے میں شرکت اور ... اس امر کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کا نوجوان امن، ترقی، تعلیم اور ... استحکام کے ساتھ کھڑا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ کا براہ راست عوامی مکالمہ اور سخت سوالات کے تحمل سے جواب دینا شفاف طرز حکمرانی اور موثر عوامی رابطے کی بہترین مثال ہے۔

...NTE...

...پیکیج کے تحت ...وں پر کام جاری

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 | پیر 6 جولائی 2026، 20 محرم الحرام 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 183

# ریاست مخالف عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

بعض عناصر لاپتہ افراد اور عوامی حقوق کی آڑ میں نوجوانوں کو تشدد پر اکسانے اور ریاست مخالف بیانیہ پروان چڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں

**حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم، مکالمے اور روزگار کے ذریعے قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے**

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بعض عناصر لاپتہ افراد اور عوامی حقوق کی آڑ میں نوجوانوں کو تشدد پر اکسانے اور ریاست مخالف بیانیہ پروان چڑھانے کی کوشش

کر رہے ہیں۔ ہم ایسے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پاکستان کی انتہائی پیشہ ورانہ، منظم اور باصلاحیت مسلح افواج، پیرا ملٹری فورسز،

پولیس اور لیویز کی موجودگی میں چند پرتشدد عناصر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر منعقدہ اوپن ایکس اسپیس کے دوران مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، نوجوانوں، سب نیشنل صحافیوں، این جی اوز کے نمائندوں، دانشوروں اور سول سوسائٹی کے اراکین کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا۔ اوپن اسپیس میں ایک موقع پر شرکا کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی جہاں وزیراعلیٰ نے سخت اور تنقیدی سوالات کے بھی حقائق، اعداد و شمار اور شواہد کی بنیاد پر تفصیلی جوابات دیے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے نوجوان ہیں اور اسی مقصد کے لیے یوتھ انگیجمنٹ پلان حکومت کا سب سے اہم پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت حکومت کے پاس نوجوانوں کی قومی دھارے میں شمولیت، انہیں مثبت مواقع فراہم کرنے اور روشن مستقبل کی جانب گامزن کرنے کے لیے دس سے بارہ مختلف منصوبے زیر عمل

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو مایوسی، انتہا پسندی اور تشدد کے بجائے تعلیم، ہنر، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہی دیرپا امن کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ضلع کی ضروریات اور مقامی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے الگ الگ ترقیاتی منصوبے تیار کر رہی ہے جس میں گوادر کے نوجوانوں کے لیے فشریز اور سمندری معیشت سے متعلق خصوصی مواقع بھی شامل ہیں، جبکہ دیگر اضلاع کے لیے بھی ان کی مقامی ضروریات کے مطابق منصوبے ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ ان منصوبوں کو ایپکس کمیٹی میں منظوری کے بعد مرحلہ وار نافذ کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بعض گروہوں نے لاپتہ افراد اور عوامی حقوق کے نام پر نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور انہیں تشدد کی راہ پر ڈالنے کی کوشش کی۔ ایسے عناصر مختلف علاقوں میں جا کر نوجوانوں کو ریاست کے خلاف اکسانے اور پرتشدد کارروائیوں کے لیے بھرتی کرنے کی کوشش کرتے رہے، تاہم حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم، مکالمے اور روزگار کے ذریعے قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ پنشن اصلاحات نافذ کیں۔ گزشتہ مالی سال کے دوران غیر ترقیاتی اخراجات میں چودہ ارب روپے کی کمی کی، جبکہ صوبے میں الیکٹرک وہیکل پالیسی بھی متعارف کرائی جا رہی ہے تاکہ جدید، ماحول دوست اور پائیدار ٹرانسپورٹ نظام کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مالی نظم و ضبط قائم کرتے ہوئے

زکوٰۃ کی تقسیم کے پرانے نظام میں بنیادی اصلاحات کیں۔ ماضی میں ساٹھ کروڑ روپے کی زکوٰۃ تقسیم کرنے کے لیے ایک ارب تیس کروڑ روپے انتظامی اخراجات پر صرف کیے جاتے تھے۔ ہم حکومت نے زکوٰۃ محکمہ ختم کر کے یہ وسائل بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ میں منتقل کیے، جہاں سے اب مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی جا رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے چار ارب روپے کا ایک بڑا منصوبہ شروع کیا ہے جس کے تحت

بلوچستان کے ہر ضلع، ہر گاؤں، ہر دیہات، تمام سرکاری اسکولوں، کالجوں، جامعات اور صحت کے مراکز کو فائبر آپٹک کے ذریعے تیز رفتار انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی تاکہ نوجوان جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں تاکہ صوبے کی معیشت کو مستحکم کیا جا سکے اور قانونی تجارت کو فروغ ملے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت نوجوانوں سے مسلسل رابطے، کھلے مکالمے اور اعتماد سازی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ہم یونیورسٹیوں اور کالجوں میں جا کر نوجوانوں سے براہ راست گفتگو کر رہے ہیں، ان کے سخت ترین سوالات بھی تحمل اور دلیل کے ساتھ سنے اور جواب دیے جاتے ہیں۔ صوبے میں مختلف اسکالرشپ پروگرام متعارف کرائے جا رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی طالبات کے

لیے دنیا کی ممتاز جامعات، جنہوں ہارورڈ اور آکسفورڈ، میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں، جو صوبے میں خواتین کی تعلیم اور بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، بالخصوص نوجوان، پاکستان کے روشن مستقبل کا سرمایہ ہیں اور حکومت انہیں بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ سیاسی اور سماجی امور کے ماہرین نے اوپن ایکس اسپیس کو بلوچستان سے متعلق حقائق عوام کے سامنے لانے کی ایک موثر کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شواہد، اعداد و شمار اور دلیل کے ساتھ بلوچستان کے حوالے سے گمراہ کن بیانیے کا موثر جواب دیا۔ ماہرین کے مطابق ہزاروں نوجوانوں کی اس مکالمے میں شرکت اور ریاستی موقف کی تائید اس امر کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کا نوجوان امن، ترقی، تعلیم اور ریاستی استحکام کے ساتھ کھڑا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ کا براہ راست عوامی مکالمہ اور سخت سوالات کے تحمل سے جواب دینا شفاف طرز حکمرانی اور موثر عوامی رابطے کی بہترین مثال ہے۔

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ — صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 22 — جمعہ 06 جون 2026، 20 ذوالحجہ 1447ھ — شمارہ 83


وزیراعلیٰ بلوچستان

# چند تشدد پسند عناصر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے

**حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے نوجوان ہیں اور اسی مقصد کے لیے یوتھ انگیجمنٹ پلان حکومت کا سب سے اہم پروگرام ہے**

**اس وقت حکومت کے پاس نوجوانوں کی قومی دھارے میں شمولیت، انہیں مثبت مواقع فراہم کرنے اور روشن مستقبل کی جانب گامزن کرنے کے لیے اس سے زیادہ مختلف منصوبے زیر عمل ہیں**

**مسلح افواج، فرنٹیئر کور، پولیس اور لیویز کی موجودگی میں چند پر تشدد عناصر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے**

اسلام آباد (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بعض عناصر لاپتہ افراد اور انسانی حقوق کی آڑ میں نوجوانوں کو تشدد پر اکسانے اور ریاست مخالف بیانیہ پروان چڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم ایسے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پاکستان بقیہ 3 صفحہ 6 پر

کی افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیت مسلح افواج، ملٹری فورسز، پولیس اور لیویز کی موجودگی میں چند پر تشدد عناصر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر منعقدہ ایکس اسپیس کے دوران مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، نوجوانوں، سب [illegible] طلبہ، این جی اوز کے نمائندوں، دانشوروں اور سول سوسائٹی کے اراکین کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا۔ ایکس اسپیس میں ایک موقع پر شرکاء کی تعداد سولہ ہزار سے تجاوز کر گئی جہاں وزیراعلیٰ نے سخت اور تنقیدی سوالات کے بھی حقائق، اعداد و شمار اور شواہد کی بنیاد پر تفصیلی جوابات دیے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے نوجوان ہیں اور اسی مقصد کے لیے یوتھ انگیجمنٹ پلان حکومت کا سب سے اہم پروگرام ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 13

# عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

لیاقت لہڑی

## حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں، کئی منصوبے مکمل اور ان سے عوام مستفید ہو رہے ہیں پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں جن کی تکمیل عوام کو بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہمی میں مدد ملے گی، حلقے کے عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو لہڑی ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کرنے والے قبائلی وسیاسی شخصیات اور حلقے کے عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور تاریخ میں پہلی مرتبہ پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت نے صوبے کے تمام حلقوں کو یکساں فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور صوبے میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ میرے ایم پی اے فنڈز سے حلقے میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور کئی منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جن سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے میری کوشش ہو گی کہ ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No 1

Dated: 06 JUL 2026 Page No 14

*Bugti pays tribute to Captain Karnal Sher Khan on ...*

# CM's fact-based dialogue on open X space neutralizes misleading narratives

Staff Report

QUETTA. Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti engaged in a widely attended Open X Space session, where his evidence-backed conversation dismantled misleading claims about Balochistan, particularly regarding missing persons.

The dialogue drew over 16,000 participants, including sub-nationalists, NGO representatives, and critics, and was praised for its clarity and reliance on verifiable facts, said a news release issued by CM's Secretariat.

Sarfraz Bugti highlighted that under the Youth Engagement Plan, multiple projects are underway to provide better opportunities for young people across all districts, including Gwadar.

He criticized the Baloch Yakjehti Committee for attempting to incite violence under the guise of missing persons and public rights.

He further noted that the provincial government has introduced pension reforms, an electric vehicles policy, reduced unnecessary expenditures, and implemented comprehensive reforms across departments. Special funds have been allocated for higher education scholarships through the Education Endowment Fund, while a Rs. 4 billion project is ensuring high-speed internet access across schools, colleges, universities, and health centers. Bugti reaffirmed that Pakistan's professional armed forces guarantee that violent elements cannot undermine the writ of the state.

Experts observed that the Chief Minister's fact-driven stance effectively neutralized propaganda against Balochistan. The overwhelming participation of youth and their endorsement of the state's narrative was seen as clear evidence of the failure of foreign-backed proxies. Sarfraz Bugti's willingness to answer tough questions with composure and evidence was hailed as a model of transparent governance and effective public engagement, setting a new precedent for direct dialogue between leadership and citizens.

Moreover, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has paid glowing tribute to Captain Karnal Sher Khan Shaheed, Nishan-e-Haider, on his 27th martyrdom anniversary, describing him as a symbol of unmatched courage, valor, and sacrifice in Pakistan's military history. In his message shared on social media, Sarfraz Bugti said that despite extremely unfavorable conditions during the Kargil conflict, Captain Sher Khan demonstrated extraordinary bravery, determination, and professional skill. He noted that Sher Khan's sacrifice represents the highest example of loyalty, duty, and selflessness and will forever remain a guiding light for the nation and the armed forces.

Sarfraz Bugti emphasized that defending the homeland is a sacred duty of every Pakistani, and it is because of the sacrifices of martyrs that Pakistan today stands with dignity, peace, and sovereignty on the world map. He added that the nation will always hold its martyrs in the highest esteem, recognizing their sacrifices as eternal symbols of patriotism, courage, and resilience for future generations.

The Chief Minister said that Sher Khan's martyrdom reminds us that freedom and sovereignty are never free but are earned through the blood of brave sons of the soil.

He reaffirmed that the Balochistan government and the people of the province will continue to stand shoulder to shoulder with the country's armed forces against all internal and external threats, ready to make any sacrifice for the defense, security, and stability of Pakistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 16

# بلوچستان میڈیا پالیسی پر سی پی این ای کے شدید خدشات، نظرثانی کا مطالبہ

**اگر ان خامیوں کو فوری طور پر دور نہ کیا گیا تو یہ پالیسی اپنے مقاصد حاصل کرنے کی بجائے بدعنوانی کو فروغ دے گی**

**قواعد وضوابط اور موثر ریگولیٹری فریم ورک کے بغیر پالیسی کو نافذ کرنے سے سنگین سوالات پیدا ہوتے ہیں، سی پی این ای**

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے حکومت بلوچستان کی مجوزہ میڈیا پالیسی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ پالیسی میں بنیادی نوعیت کی خامیاں موجود ہیں۔ اگر ان خامیوں کو فوری طور پر دور نہ کیا گیا تو یہ پالیسی اپنے مقاصد حاصل کرنے کے بجائے میڈیا کے شعبے میں بے ترتیبی بقیہ نمبر 74 صفحہ 5 پر

عدم مساوات اور بدعنوانی کو فروغ دے گی۔ سی پی این ای کے جاری کردہ بیان میں درج ذیل نکات پر خصوصی توجہ دلائی گئی ہے۔ پالیسی کے جائزے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسے واضح قواعد وضوابط اور موثر ریگولیٹری فریم ورک کے بغیر نافذ کیا گیا ہے، جس سے اس کے شفاف اور منصفانہ نفاذ پر سنگین سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ موجودہ پالیسی کے تحت کوئی بھی پرنٹ اخبار باقاعدہ اشاعت کے کم از کم دو سال بعد سرکاری اشتہارات کا اہل ہوتا ہے، جبکہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی میں کسی بھی ویب سائٹ یا سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو محض رجسٹریشن کے بعد سرکاری اشتہارات کے حصول کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ یہ واضح طور پر غیر مساوی اور امتیازی معیار ہے۔ اس پالیسی کے نتیجے میں غیر پیشہ ورانہ انفلوئنسرز اور عارضی ڈیجیٹل پلیٹ فارم بغیر کسی موثر جانچ پڑتال یا معیار کے سرکاری اشتہارات حاصل کر سکیں گے، جس سے صحافتی اقدار اور پیشہ ورانہ معیار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پالیسی میں یہ تجویز دی گئی ہے کہ سرکاری اشتہارات پہلے صرف [illegible] اخبارات کو جاری کیے جائیں گے۔ اس شق کے نتیجے میں محدود تعداد میں اخبارات کی اجارہ داری قائم ہوگی، جبکہ دیگر قومی، علاقائی اور مقامی اخبارات کو نظر انداز کیے جانے کا خطرہ ہے۔ خصوصاً بلوچستان کے علاقائی اور مقامی اخبارات اس پالیسی سے شدید متاثر ہوں گے۔ اس طرز عمل سے مقامی صحافت کمزور ہوگی اور مقامی میڈیا کی بقا کو سنگین خطرات لاحق ہو جائیں گے۔ پالیسی میں اشتہارات کی تقسیم کے لیے واضح، شفاف اور قابل احتساب معیار موجود نہیں، جس سے اقربا پروری، بے ضابطگی اور بدعنوانی کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ بلوچستان کے وسیع علاقوں میں آج بھی مکمل انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل سہولیات محدود ہیں۔ ایسے حالات میں مکمل طور پر ڈیجیٹل پالیسی کا نفاذ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا اور اس کے موثر نتائج برآمد ہونا مشکل دکھائی دیتا ہے۔ سندھ، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نسبتاً بہتر ڈیجیٹل انفراسٹرکچر موجود ہونے کے باوجود وہاں ایسی یکطرفہ پالیسی متعارف نہیں کرائی گئی۔ ان صوبوں میں پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا کے درمیان نسبتاً متوازن حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ سی پی این ای حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ میڈیا پالیسی پر فوری نظرثانی کی جائے۔ پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا کے لیے الگ الگ اشتہاری [illegible] مختص کیے جائیں۔ سرکاری اشتہارات کی تقسیم میں شفاف، منصفانہ اور میرٹ پر مبنی نظام نافذ کیا جائے۔ باقاعدہ اشاعت رکھنے والے اخبارات کی ویب سائٹس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو ترجیح دی جائے تاکہ ذمہ دار صحافت کی حوصلہ افزائی ہو۔ سی پی این ای نے واضح کیا ہے کہ اگر ان تحفظات کا بروقت ازالہ نہ کیا گیا اور پرنٹ میڈیا کے جائز مفادات کو نظر انداز کیا جاتا رہا تو تنظیم یہ معاملہ متعلقہ حکومتی فورم اور دیگر مناسب ادارہ جاتی سطحوں پر بھرپور انداز میں اٹھائے گی۔ سی پی این ای نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ میڈیا پالیسی پر تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد ضروری اصلاحات کی جائیں تاکہ ایک متوازن، منصفانہ اور قابل عمل نظام وضع کیا جا سکے جو پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا اداروں کے مفادات کا یکساں تحفظ یقینی بنائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 17


# طاقت کا استعمال مسائل کا حل نہیں، مولانا ہدایت الرحمن

## بلوچستان کے عوام بدامنی، بیروزگاری اور بنیادی سہولیات کے فقدان کے باعث مشکلات کا شکار ہیں، امیر جماعت اسلامی

## عوام کے حقیقی ووٹوں سے منتخب نمائندوں کی بجائے فارم 47 والوں کو مسلط کیا گیا ہے، رکن صوبائی اسمبلی

گوادر (این این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام بدامنی، بدحوالی، بیروزگاری، غربت اور بنیادی سہولیات کے فقدان کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں عوام کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات میسر نہیں، شاہراہیں غیر محفوظ ہیں جبکہ مسافر، تاجر اور ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار ہیں مختلف وفود سے ملاقاتوں ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


کے دوران انہوں نے کہا کہ عوام کے حقیقی ووٹوں سے منتخب نمائندوں کی بجائے فارم 47 والوں کو مسلط کیا گیا ہے جس کے باعث عوامی مسائل میں مزید اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ بارڈر بندش، شاہراہوں کی مسلسل بندش، ٹرکوں کو نذر آتش کرنے، مسافر کوچز پر حملوں اور دیگر بدامنی کے واقعات نے صوبے کے حالات مزید خراب کر دیئے ہیں حکومت کے دعووں کے برعکس وزراء سرمایہ کار، تاجر اور نہ ہی عام شہری خود کو محفوظ سمجھتے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ طاقت، جبر، زور زبردستی اور آپریشن مسائل کا حل نہیں، اسی طرح سرکاری املاک، سیکورٹی فورسز یا ٹرانسپورٹ کو نشانہ بنانے سے بھی بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ پائیدار امن، انصاف، آئینی و قانونی حقوق کی فراہمی، روزگار، معیاری تعلیم و صحت، بارڈر تجارت کی بحالی اور عوام کو فیصلہ سازی میں شریک کرنے سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لاپتہ افراد کا مسئلہ سنگین ہے، متاثرہ خاندان انصاف کیلئے دربدر ہیں جبکہ روزگار کی تقسیم میں میرٹ کی بجائے اقرباء پروری اور کرپشن کا راج ہے، جس سے تعلیم یافتہ نوجوان مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت بلوچستان کے مسائل کو طاقت کی بجائے مذاکرات، آئین، قانون اور سیاسی بصیرت سے حل کرے، لاپتہ افراد کے معاملے کو شفاف انداز میں نمٹایا جائے، شاہراہوں کو محفوظ بنایا جائے، بارڈر تجارت بحال کی جائے، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں اور صحت و تعلیم کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان عوام کے حقوق، امن، انصاف، آئین کی بالادستی اور صوبے کی خوشحالی کیلئے اپنی پرامن، جمہوری اور آئینی جدوجہد ہر سطح پر جاری رکھے گی۔

# مذاکرات کے نام پر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکا گیا، پشتونخوامیپ

## عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری، ہنہ اوڑک میں پیش آنے والا واقعہ قابل مذمت ہے

## ہنہ اوڑک میں حالات کی ذمہ دار مسلط حکومت، حکمران عوام کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہیں، صوبائی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ کے ہنہ اوڑک کے علاقے میں حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری سے کسی بھی قسم کی غفلت ناقابل قبول ہے جس پر عوامی احتجاج کے بعد مسلط نااہل فارم 47 کی حکومت کے نام نہاد ترجمانوں کے بلند بانگ دعووں اور مذاکرات کے نام پر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکا گیا جبکہ حکومت، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے مکمل خاموش تماشائی کا ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر


کردار ادا کر رہے ہیں بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے ہنہ اوڑک میں حالات کی ذمہ دار مسلط فارم 47 کی نااہل حکومت ہے صوبے کے دیگر اضلاع و علاقوں کی صورتحال کا اس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہنہ اوڑک کے عوام کے جدی پشتی زمینوں، ان کے وسائل پر قبضہ کیلئے تمام واقعات کئے جا رہے ہیں بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ فوری، آزادانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے اور زخمیوں کو فوری طبی سہولیات اور متاثرہ خاندانوں کو مناسب امداد فراہم کی جائے اور علاقے میں پائیدار امن و امان کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 3

Dated: 06 JUL 2026

Page No. 15

# بلوچستان گمبھیر حالات سے دوچار، حکمرانوں کو کوئی فکر نہیں، نیشنل پارٹی

کاروبار مفلوج ہے نہ انسانی زندگی، سیاست برائے سیاست پر یقین نہیں رکھتے، سیاست برائے سماجی تبدیلی و ترقی کے قائل ہیں

2013 میں حالات زیادہ خراب تھے سیاسی بصیرت و فیصلوں کی بدولت بلوچستان میں امن قائم کیا، ڈاکٹر مالک، میر کبیر، شمولیتی جلسہ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کی جام خان کے زیر اہتمام پروقار شمولیتی جلسہ میں کاہی قبیلے سمیت دیگر اقوام کے نوجوانوں نے نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ شمولیتی جلسہ سے نیشنل پارٹی ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی صوبائی اسلم بلوچ سینئر نائب صدر حاجی عطاء محمد منگول، رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، بی ایس او پجار کے سیکرٹری جنرل بہادر برکت بلوچ ضلعی جنرل سیکرٹری اور کوئٹہ ... زہری نے خطاب کیا۔ نظامت کے فرائض نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے سرانجام دیے۔ عبدالہادی کاہی نے خطاب میں اپنے ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی کے منشور و مقاصد اور قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے شمولیت اختیار کی۔ جلسے سے قائدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان ساتھیوں کی شمولیت نیشنل پارٹی کی عوامی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا فلسفہ سیاست وطن اور عوام سے محبت ہے اور اس فلسفے کو مزید مستحکم کرنے کے لیے نیشنل پارٹی تمام اقوام و طبقات کو پارٹی میں شامل کر رہی ہے

## بلوچستان بھر کے عوام مشکلات سے دوچار ہیں، بی این پی

آج صوبے میں جو حالات ہیں ان پر پارٹی قیادت نے ہر فورم پر خدشات کا اظہار کیا

پارٹی اجلاس میں سردار عطاء اللہ مینگل و شہدائے شاہوانی اسٹیڈیم کی برسی کی تیاریوں کا جائزہ

کوئٹہ (آن لائن) بانی سردار عطاء اللہ مینگل اور 2 ستمبر 2025 شہدائے شاہوانی اسٹیڈیم کی برسی کی مناسبت سے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر سینیٹر ... صوبائی ... پارٹی کے ... نوجوان ... کوچ کر گئے ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اجلاس ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

میں کہا گیا کہ بلوچستان کے موجودہ گھمبیر و ابتر صورتحال کی ذمہ داری بلاواسطہ یا بالواسطہ مرکزی ڈیکٹیٹرز پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ نوآبادیاتی طرز حکمرانی کی روش اپنائے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے بلوچستان آج اس نہج پر پہنچ چکا ہے جنرل مشرف کے دور سے شروع ہونے والا پانچواں آپریشن آج بھی جاری ہے انسانی حقوق کی پامالی جاری ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 20


## کوئٹہ: ہنہ اوڑک کے قبائل اور TTP میں فائرنگ، 3 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

اطلاع ملتے ہی فورسز، پولیس اور سی ٹی ڈی کا عملہ موقع پر پہنچ گیا، علاقے میں آپریشن کا آغاز، کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ

[illegible]

## گوادر: موبائل پولیس کے اہلکاروں سے ہتھیار چھیننے کی کوشش، دو ملزمان گرفتار

[illegible]

## بلیدہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated: 06 JUL 2026 Page No. 21


JANG QUETTA

## چمن: طویل لوڈشیڈنگ، عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 22

## بلوچستان حکومت کا سرکاری اور نجی اسکولوں میں طلباء کو جسمانی سزا دینے پر پابندی کا فیصلہ، دوستانہ ماحول میں بچوں کی بہترین تربیت ممکن ہے

بلوچستان کے سرکاری اور نجی اسکولوں میں طلباء کو جسمانی سزا دینے پرمکمل کردی گئی ہے اس حوالے سے محکمہ تعلیم بلوچستان نے باقاعدہ اعلامیہ جاری کردیا ہے،ر اعلامیے کے مطابق جسمانی سزا کی خلاف ورزی کرنے والے اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے خلاف محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ تعلیم نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی صورت میں طلباء پر تشدد یا جسمانی سزا برداشت نہیں کی جائے گی۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ حالیہ عرصے کے دوران بعض تعلیمی اداروں میں جسمانی سزا کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جو بچوں کے بنیادی حقوق اور تعلیمی ماحول کے منافی ہیں۔ محکمہ تعلیم نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ طلباء کے لیے محفوظ، باعزت اور مثبت تعلیمی ماحول کو یقینی بنایا جائے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق اس فیصلے کا مقصد طلباء کے حقوق کا تحفظ، ذہنی وجسمانی صحت کا خیال رکھنا اور تعلیمی اداروں میں اصلاحی و تربیتی نظام کو فروغ دینا ہے۔ بہرحال سرکاری اور نجی اسکولوں میں طلباء کو دی جانے والی جسمانی اور ذہنی سزا ان کی نفسیاتی اور تعلیمی کارکردگی پر شدید منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ اس کے نتیجے میں بچوں میں خوف، بے چینی، ڈپریشن اور کم اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔ اساتذہ اور اسکول انتظامیہ کی جانب سے تشدد آمیز رویہ طلباء کو تعلیمی ماحول سے متنفر کر کے ان کی ذہنی صلاحیتوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ سزا کے خوف سے بچے مستقل ذہنی دباؤ کا شکار رہتے ہیں جس سے ان کی علمی نشوونما متاثر ہوتی ہے جس سے وہ احساسِ کمتری کا شکار ہوتے ہیں، تذلیل یا طنز کا نشانہ بننے سے بچوں میں کمتری کا احساس پیدا ہوتا ہے جو ان کی شخصیت کو مسخ کردیتا ہے۔ مسلسل تشدد کے باعث بچے کلاس روم یا گھر میں تنہائی کا شکار ہوسکتے ہیں جو آگے چل کر سنگین ذہنی بیماریوں کا روپ دھار سکتا ہے۔ پریشان اور خوفزدہ ذہن کے ساتھ طالب علم پڑھائی پر توجہ مرکوز کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ اکثر طلباء سزا کے ڈر سے اسکول جانے سے کتراتے ہیں جس سے شرحِ ترکِ تعلیم میں اضافہ ہوتا ہے۔ جو بچے تشدد کا نشانہ بنتے ہیں ان میں دوسروں کے ساتھ جارحانہ یا باغیانہ رویہ پروان چڑھتا ہے، اساتذہ پر عدم اعتماد اور ساتھی طلباء کے ساتھ تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ بلوچستان کے سرکاری اور نجی اسکولوں میں جسمانی سزاؤں پر مکمل پابندی عائد کرنا ایک خوش آئند فیصلہ ہے اس سے مثبت نظم و ضبط اور دوستانہ ماحول میں بچوں کی بہترین تربیت ممکن ہوگی، شرحِ خواندگی میں اضافے کے ساتھ بچے ذہنی اذیت کا بھی شکار نہیں ہونگے اور ایک دوستانہ ماحول میں بہتر طریقے سے تعلیم حاصل کرسکیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

6

Daily: MEEZAN QUETTA

06 JUL 2026

Bullet No

Page No. 23

# بلوچستان میں سڑک حادثات!

رقبے کے لحاظ سے ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں جہاں دیگر بے شمار مسائل ہیں وہاں سڑکوں کی خستہ حالی اور تنگ ہونے کے باعث آئے روز ٹریفک کے المناک حادثات ہوتے رہتے ہیں جس میں انسانی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے۔اس کے ساتھ لوگ زخمی ہوکر معذور بھی ہوجاتے ہیں۔ان حادثات کی بڑی وجہ تیز رفتاری کے ساتھ ساتھ اناڑی ڈرائیور کی بھر مار ہوتی ہے جو ڈرائیونگ سیکھنے کے لیے گاڑیاں چلاتے ہیں۔یہ رجحان پبلک ٹرانسپورٹ سروس میں ہے۔پبلک ٹرانسپورٹ سروس کی بسوں میں جہاں سواریوں کو بٹھایا جاتا ہے وہاں وہ دیگر سامان جس میں پیٹرول اور ڈیزل بھی شامل ہے لوڈ کردیتے ہیں اور جب یہ گاڑی حادثے کا شکار ہوتی ہے تو اس میں اکثر آگ بھی لگ جاتی ہے جس سے بڑے پیمانے پر انسانی جانیں ضائع اور زخمی ہوتے ہیں جو کہ بلاشبہ بڑی تشویش کی بات ہے۔یہ واقعات کئی مرتبہ ہوچکے ہیں لیکن اس کی روک تھام کیلئے اقدامات ناکافی ہیں۔

گذشتہ روز ایک ایسا ہی ایک المناک حادثہ شیرانی کے قریب دانہ سر کے مقام پر ایک مسافر بس کا گھری کھائی میں گرنے کے باعث پیش آیا جس میں 40 مسافر جاں بحق اور 8 زخمی ہوگئے۔جاں بحق ہونیوالوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔بتایا جاتا ہے کہ زخمیوں میں سے کچھ کی حالت تشویشناک ہے۔بلوچستان حکومت کیدءخوات برخیبر پختونخوا حکومت نے امدادی کاروائیوں میں حصہ لیا اور ڈیرہ اسماعیل خان سے دو ریسکیو ٹیمیں 16 ایمبولینسز کے ساتھ روانہ کی گئیں۔اس المناک بس حادثے کے بعد حکومت بلوچستان نے اس کی باضابطہ تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان کو واقعے کی مکمل تحقیقات تمام حقائق کی جانچ پڑتال اور حادثے کے اسباب پر جامع رپورٹ مرتب کرکے پیش کرنے کی ہدایت جاری کردی گئی۔دانہ سر کے مقام پر پیش آنے والے المناک حادثے کے بارے میں جو حقائق سامنے آئے ہیں وہ بڑے تلخ ہیں۔سوشل میڈیا پر اس حادثے میں بچ جانے والے دو مسافروں نے حادثے کی ذمہ داری بس ڈرائیور پر عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اس بس میں ڈیزل کے کین تھے جو دانہ سر چیک پوسٹ پر اتار دیئے گئے اس پر ڈرائیور کو بہت غصہ آیا جب وہاں سے بس روانہ ہوئی ہے تو مسافروں اور ڈرائیور میں اس مسئلے پر توں توں میں میں ہوئی مسافروں کا موقف تھا کہ مسافر گاڑی میں ڈیزل کیوں لوڈ کیا جبکہ ڈرائیور کو ڈیزل اتارنے کا غصہ تھا۔اس تلخ کلامی کے دوران ڈرائیور سے گاڑی بے قابو ہوکر گہری کھائی میں جاگری۔

اس موقع پر یہ بھی پتہ چلا کہ ڈرائیور نے غصے میں آکر مبینہ طور پر جان بوجھ کر گاڑی کو کھائی میں گرادیا یہ تمام صورتحال بڑی بھیانک ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت کو اس معاملے کی تحقیقات کرکے اصل حقائق کو سامنے لانا چاہیے اور نہ صرف اس المناک حادثے میں ملوث افراد کا کڑا احتساب کیا جائے بلکہ اس طرح کے دیگر حادثات کی روک تھام کے لیے ایک میکنزم بنانا چاہیے جس میں مسافر بسوں میں ڈیزل پیٹرول اور دیگر ممنوعہ چیزوں کے لے جانے پر پابندی عائد کرنی چاہیے اور اگر کوئی ٹرانسپورٹر اس کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کا روٹ پرمٹ منسوخ کیا جائے۔اس اہم معاملے پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کرنا چاہیے۔کیونکہ اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔کیونکہ ٹرانسپورٹرز نے پیسے کی لالچ میں انسانی جانوں سے کھیلنا شروع کردیا ہے یہ انسانیت دشمن ہیں یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 JUL 2026 Page No. 24

# YDAs strike

The recurring deadlock between young doctors and the provincial administration in Quetta has once again plunged the healthcare sector into a severe crisis, leaving thousands of vulnerable patients stranded. By shutting down Outpatient Departments (OPDs) across major tertiary care hospitals, the Young Doctors Association has effectively brought the public healthcare machinery to a grinding halt. While the medical community's right to protest for legitimate demands ranging from better working conditions and security to fair wages cannot be entirely dismissed, the method chosen to voice these grievances is fundamentally flawed. Weaponizing healthcare services at the expense of human lives is an ethically compromised stance that rapidly strips the protestors of public sympathy.

The real casualties of this administrative stalemate are the impoverished masses, particularly those traveling from the far-flung, rural districts of Balochistan. Quetta serves as the primary medical hub for a province plagued by vast distances and scarce infrastructure. Families regularly save up for weeks, selling valuable assets or borrowing money just to afford the grueling journey to the capital, only to find hospital gates locked and OPD counters deserted. For a patient who has traveled hundreds of kilometers in critical condition, an closed OPD is not just an inconvenience; it is a life-threatening catastrophe. Private healthcare remains a luxury far beyond the reach of these citizens, meaning the state-run hospitals are their only hope for survival. Turning them away in their moment of absolute vulnerability is a stark failure of collective empathy.

However, the provincial government cannot absolve itself of responsibility. The state's perennial policy of turning a blind eye until a crisis escalates to a strike is a masterclass in poor governance. The grievances of the young doctors often centered around acute structural deficiencies, security lapses in high-risk wards, and delayed career progressions are well-documented and frequently genuine. Expecting medical professionals to deliver optimal care in broken, unsafe environments without fair compensation is unsustainable.

Resolving this recurring nightmare requires immediate, high-level intervention. The government must engage the young doctors in a transparent, time-bound dialogue to address their valid concerns with concrete assurances rather than empty political promises. Simultaneously, the medical fraternity must reconsider its approach; essential services and OPDs should never be shut down as a first resort. Both stakeholders must realize that while policies can be debated and budgets can be reallocated, a human life lost to administrative negligence can never be recovered.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 6 Dated 06 JUL 2025 Page No 25


## ایف سی ہسپتال تربت خدمت انسانیت کی درخشاں مثال

افکار زاہدی

